سوال

(508) پندرہویں شب شعبان کو کیا شب قدر کا کوئی ثبوت ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

پندرہویں شب شعبان کو کیا شب قدر کا کوئی ثبوت ہے۔ اس شب کو ثواب جان کر تلاوت یا عبادت کرنا کیسا ہے۔ ؟ (عبد الماجد بریلی)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس رات کے متعلق ضعیف روایتیں ہیں۔ اس دن کوئی کار خیر کرنا بدعت نہیں ہے۔ بلکہ بحکم "انما الاعمال بالنیات" موجب ثواب ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص656

محدث فتویٰ